M.Ed/III Sem/MMED312DST/Dec 2017

دسمبر 2017 | M.Ed Regular (ریگولر) ایم۔ایڈ | III Semester تیسرا سمسٹر

Paper - (MMED312DST) Specialisation - I : Secondary Educatin :
(a) Institutions, System & Structure (b) Stage Specific Issues & Concerns

گھنٹے 3 Hrs : وقت : Time | Maximum. Marks 70 : جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچۂ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) ثانوی اسکول میں استاد اور طلبہ کی تعداد میں کیا نسبت (Ratio) ہونی چاہیے؟

(a) 1:10 (b) 1:15 (c) 1:20 (d) 1:30

(ii) ثانوی تعلیم کی رسائی کو بڑھانے کے لیے یہ اسکول بچے کے گھر سے زیادہ سے زیادہ کتنے کیلومیٹر کی دوری پر ہونا چاہیے۔

(a) 1 کیلومیٹر (b) 2 کیلومیٹر (c) 4 کیلومیٹر (d) 5 کیلومیٹر

(iii) RMSA کا پروگرام کب شروع کیا گیا؟

(a) 2006 (b) 2009 (c) 2007 (d) 2010

(iv) اقلیتی امور کی وزارت (Ministry of Minorities Affairs) نے معاشی با اختیاری کے لیے کون سی اسکیم چلائی ہے؟

(a) نئی منزل (b) نئی اڑان (c) نئی روشنی (d) نیا سویرا

(v) ہندوستان میں خصوصی تعلیم (Special Eduacation) کو کون سا ادارہ منظم کرتا ہے؟

(a) MHRD (b) RCI (c) NCTE (d) NGO's

(vi) جکیس ڈیلرس (Jacques Delors) نے تعلیم پر جو رپورٹ UNESCO کو پیش کی اس کا عنوان کیا تھا؟

(a) بین الاقوامی کمیشن کی تعلیم پر رپورٹ (International Commission on Education Report)

(b) میلینیم ترقی رپورٹ (Millenium Development Report)

(c) سب کے لیے تعلیم پر دنیا کا اعلان (World Declaration on Education for All)

(d) سیکھنا: ایک اندرونی خزانہ (Learning : The Treasure Within)

P.T.O.

(vii) کن بچوں کو تعلیم دینا نودیا ودیالیہ (Novadaya Vidyalaya) کا اہم مقصد ہے؟

(a) دیہی باصلاحیت بچے (Rural Talented Children) (b) شہری بچے (Urban Children)

(c) لڑکیاں (Girls) (d) دیہی بچے (Rural Children)

(viii) تعلیم کی قومی پالیسی (NPE - 1986) کا جائزہ لینے کے لیے جو کمیٹی بنائی گئی اسے اور کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(a) ریڈی کمیٹی (Reddy Committee) (b) راما مورتی کمیٹی (Rama Murthi Committee)

(c) یشپال کمیٹی (Yaspal Committee) (d) مہروترا کمیٹی (Mehrotra Committee)

(ix) قومی علم کمیشن (National Knowledge Commission) کے سربراہ کون ہے؟

(a) ڈی۔ایس کوٹھاری (D.S. Kothari) (b) امرتیہ سین (Amartya Sen)

(c) سیم پتروڈا (Sam Pitroda) (d) عظیم پریم جی (Azim Premji)

(x) IEDSS اسکیم کن طلبہ کے لیے ہے؟

(a) ذہین طلبہ (b) SC/ST طلبہ (c) معذور طلبہ (Disabled) (d) قبائلی طلبہ (Tribels)

حصہ دوم

2۔ ثانوی تعلیم کو بہتر بنانے میں SMDC کا کردار بیان کیجیے۔

3۔ آزادی کے بعد ثانوی تعلیم کی ترقی کا جائزہ پیش کیجیے۔

4۔ زیر ملازمت اساتذہ کی تربیت کو موثر بنانے کے لیے تجاویز پیش کیجیے۔

5۔ NCERT ثانوی تعلیم کے تعلق سے کن افعال کو انجام دیتی ہے؟

6۔ UNESCO, UNICEF اور WHO نے ثانوی تعلیم کو بہتر بنانے کے لیے جو اہم قدم اٹھائے ہیں ان کا خلاصہ پیش کیجیے۔

7۔ ثانوی تعلیم میں داخلہ بڑھانے اور برقراری کے لیے اٹھائے گئے اقدامات پر روشنی ڈالیے۔

8۔ ثانوی تعلیم میں رسائی (Access) داخلہ اور برقراری (Enrolment & Retention) میں صنفی اختلافات (Gender Differences) کی وجوہات کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

9۔ ایک اچھے ثانوی اسکول میں کون سی بنیادی سہولیات فراہم کی جانی چاہئیں۔

حصہ سوم

10۔ ثانوی تعلیم کے معیار کو بڑھانے کے لیے کیا کیا قدم اٹھائے جانے چاہیے۔ وضاحت کیجیے۔

11۔ ثانوی تعلیم میں معدلت (Equity) کی حیثیت (Status) مسائل (Issues) اور خدشات (Concerns) بیان کیجیے اور آپ کی نظر میں معدلت کو کیسے قائم کیا جا سکتا ہے؟ بیان کیجیے۔

12۔ ثانوی تعلیم کی ہمہ گیریت (Universalisation) کی ضرورت اور اصول کی وضاحت کیجیے اور CABE نے اس کے متعلق کیا سفارشات پیش کی ہیں؟ بیان کیجیے۔

13۔ ثانوی تعلیم کو پیشہ ورانہ (Vocationalisation) بنانے کے لیے حکومت کے اقدامات کا ایک تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

14۔ ثانوی تعلیم فراہم کرنے والے مختلف بورڈس کی تفصیلات دیتے ہوئے ان کا تقابلی جائزہ پیش کیجیے۔

☆☆☆